★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

جلد نمبر 15 | جمعرات 11 شوال 1446ھ، 10 اپریل 2025ء، 26 چیت 2081 پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 158

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

ریاست مخالف پروپیگنڈا: 20 پی ٹی آئی رہنماؤں کے وارنٹ جاری کرنے کا فیصلہ

سوشل میڈیا پر منفی پروپیگنڈے کے معاملے میں آئی جی اسلام آباد کی سربراہی میں قائم جے آئی میں یہ رہنما پیش نہیں ہوئے، تحقیقات میں تعاون نہ کرنے پر وارنٹ جاری کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے

وقاص اکرم، حماد اظہر، زلفی بخاری، عون عباس، میاں اسلم، فردوس شمیم، تیمور سلیم، جبران الیاس، خالد خورشید، شہباز گل، اظہر مشوانی اور شامل ہیں، بیرسٹر گوہر، شبلی فراز، علیمہ خان سمیت دیگر رہنما جے آئی ٹی میں پیش ہو چکے

اسلام آباد (ویب ڈیسک) سوشل میڈیا پر منفی پروپیگنڈے کے معاملے میں تحقیقات میں تعاون نہ کرنے پر 20 پی ٹی آئی رہنماؤں کے وارنٹ گرفتاری جاری کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق جے آئی ٹی میں سوشل میڈیا پر منفی پروپیگنڈے کی تحقیقات جاری ہیں تاہم پی ٹی آئی رہنما متعدد نوٹس کے باوجود جے آئی ٹی میں پیش نہ ہوئے، تحقیقات میں تعاون نہ کرنے پر وارنٹ جاری کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)



لاہور، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز سروسز ہسپتال کا دورہ کر رہی ہیں

الیکشن کمیشن کی سپریم کورٹ سے اوورسیز پاکستانیوں کی ووٹنگ کیلئے دائر درخواستیں خارج کرنے کی استدعا

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے سپریم کورٹ سے اوورسیز کی ووٹنگ کیلئے دائر درخواستیں خارج کرنے کی استدعا کر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

پاکستان کا نئے ٹیرف سے متعلق مذاکرات کیلئے اعلیٰ سطح کا وفد امریکا بھیجنے کا فیصلہ

وفد میں معروف کاروباری شخصیات اور برآمد کنندگان کو بھی شامل کیا جائے، وزیر اعظم کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے امریکا کے ساتھ تجارتی تعلقات کے فروغ اور نئے ٹیرف کے حوالے سے مذاکرات کے لیے اعلیٰ سطح کا وفد بھیجنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیر اعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف کی زیر صدارت ملکی برآمدات میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

معاشی استحکام نے مارکیٹ کو نئی زندگی بخشی اور ترقی کی نئی راہیں کھول دیں

وزیر خزانہ

حکومت نجکاری کے عمل کو تیز کرنے کے لیے پرعزم ہے، اب تک 24 سرکاری اداروں کو نجکاری کی فہرست میں شامل کیا جا چکا ہے، محمد اورنگزیب

معیشت کے استحکام نے مارکیٹ کو نئی زندگی بخشی ہے اور ترقی کی نئی راہیں کھولی ہیں، عالمی پیشہ ورانہ خدمات فراہم کرنے والی فرم الویریز اینڈ مارسل کے وفد سے ملاقات میں گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات، سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ حکومت پاکستان میں تجارت، سرمایہ کاری اور سیاحت کو فروغ دینے اور خطے میں ابھرتی ہوئی اقتصادی راہداریوں سے بھرپور استفادہ کرنا چاہتی ہے۔ انہوں نے یہ بات بدھ کو یہاں وزارتِ خزانہ میں عالمی پیشہ ورانہ خدمات فراہم کرنے والی فرم الویریز اینڈ مارسل کے وفد سے ملاقات میں کہی۔ یہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

ملٹری کورٹس میں ٹرائل کرنے والوں کو تو قانون شہادت کا علم نہیں ہوگا، جسٹس رضوی

جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں جسٹس جمال مندوخیل و دیگر پر مشتمل 7 رکنی آئینی بینچ نے فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل سے متعلق کیس کی سماعت کی

انصاف اور شفاف ٹرائل کی بات کیسے کر رہے ہیں، ملٹری کورٹس میں کلاشنکوف رکھ کر تو فیصلہ کیا جاتا ہے، جسٹس مسرت ہلالی کے ریمارکس

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے آئینی بینچ کے رکن جسٹس حسن اظہر رضوی نے میں فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل سے متعلق کیس میں ریمارکس دیے ہیں کہ ملٹری کورٹس میں ٹرائل کرنے والوں کو تو قانون شہادت کا علم ہی نہیں ہوگا جبکہ جسٹس مسرت ہلالی نے کہا ہے کہ انصاف اور شفاف ٹرائل کی بات کیسے کر رہے ہیں، ملٹری کورٹس میں کلاشنکوف رکھ کر تو فیصلہ کیا جاتا ہے۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

تعلقات مضبوط کیلئے ٹرمپ انتظامیہ کیساتھ مل کر کام کریں گے

شہباز شریف



اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

شہباز شریف سے سے ایرک میئر، سینئر بیورو آفیشل اور قائم مقام اسسٹنٹ سیکرٹری، بیورو آف ساتھ اینڈ سینٹرل ایشین افیئرز، یو ایس ڈیپارٹمنٹ آف اسٹیٹ کی قیادت میں امریکی وفد نے اسلام آباد میں ملاقات کی

انسداد دہشت گردی سمیت باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کی اہمیت پر زور، قائم مقام اسسٹنٹ سیکرٹری میئر نے پاکستان منرل انویسٹمنٹ فورم کے کامیاب انعقاد پر پاکستان کو مبارکباد دی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ امریکی کمپنیاں پاکستان میں معدنیات کے شعبے سے استفادہ کریں۔ شہباز شریف سے سے ایرک میئر، سینئر بیورو آفیشل اور قائم مقام اسسٹنٹ سیکرٹری، بیورو آف ساتھ اینڈ سینٹرل ایشین افیئرز، یو ایس ڈیپارٹمنٹ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)

وزیر اعظم سے امیر جماعت اسلامی کی ملاقات، بجلی کی قیمتوں سے متعلق گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف سے امیر جماعت اسلامی نعیم الرحمٰن کی ملاقات میں بجلی کی قیمتوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)



تاشقند؛ چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی کا بحرین کی کنسلٹیٹو کونسل کے چیئرمین کیساتھ گروپ فوٹو

ای سی او تنظیم کی اسلام آباد، تہران، استنبول روڈ ٹرانسپورٹ کوریڈور کی نشاندہی

وسط ایشیائی ریاستیں، ترکیہ اور پاکستان مشترکہ پلیٹ فارم پر ترقی کر سکتے ہیں، عبدالعلیم خان

اسلام آباد (این این آئی) اقتصادی تعاون تنظیم کے سیکرٹری جنرل اسد مجید خان نے وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان سے ملاقات میں جنوبی ایشیاء کے ممالک کے مابین اقتصادی و تجارتی ترقی کیلئے اہم امور پر تبادلہ خیال کیا ہے جس میں اسلام آباد، تہران، استنبول (آئی ٹی آئی) (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)

وزیر اعظم کا پی آئی اے کے منافع بخش ادارہ بننے پر اظہار مسرت

پی آئی اے کے کئی دہائیوں کے خسارے کے بعد یہ پیشرفت ممکن ہوئی: شہباز شریف

اسلام آباد (یو این پی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے 2 دہائیوں کے خسارے کے بعد پی آئی اے کے منافع بخش ادارہ بننے پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان شاء اللہ ہمارا مستقبل تابناک ہے۔ بدھ کو سماجی رابطے کی ویب سائٹ "ایکس" پر اپنے پیغام میں وزیر اعظم نے کہا کہ الحمد للہ، آج قوم کو ایک اور خوشخبری ملی ہے، پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن (پی آئی اے) 20 سال بعد پہلی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

میو جناح ہسپتال میں فوری ایکشن سے مریضوں کو ریلیف ملنا شروع ہوا، مریم نواز

مریضوں کو دستیاب سہولتوں کی فراہمی کا جائزہ، وارڈ میں مریضوں کے علاج کا مشاہدہ، ادویات کی دستیابی کے بارے میں دریافت کیا

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے آفس سے واپسی پر اچانک سروسز ہسپتال کا دورہ کیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے سروسز ہسپتال کے ایمرجنسی وارڈ کا تفصیلی معائنہ کیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے مریضوں کو دستیاب سہولتوں کی فراہمی کا جائزہ لیا اور وارڈ میں مریضوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)



اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے امریکی کمپنیز کا وفد ملاقات کر رہا ہے

پنجاب اسمبلی جعلی بھرتی کیس، پرویز الٰہی، شریک ملزمان پر فرد جرم عائد نہ ہو سکی

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی میں مبینہ جعلی بھرتیوں کے معاملے پر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

رانا مشہود احمد خان پاکستان ویل چیئر کرکٹ ٹیم سے ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)

مائنز اینڈ منرلز ایکٹ میں مجوزہ ترامیم کیخلاف مافیا سرگرم ہے: بیرسٹر سیف

مافیا وزیر اعلیٰ کے اصلاحاتی ایجنڈے کو سبوتاژ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں

پشاور (یو این پی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر محمد علی سیف نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ علی امین گنڈا پور شعبہ معدنیات کو مافیا کے چنگل سے آزاد کرانا چاہتے ہیں، مائنز اینڈ منرلز ایکٹ میں مجوزہ ترامیم کے خلاف مافیا سرگرم ہے۔ بیرسٹر سیف نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)



اسلام آباد: چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی طرف سے منعقدہ الیکشن آفیسرز کی سروس ٹریننگ کے شرکاء کا گروپ فوٹو

سال 2025 میں پاکستان کی معیشت میں استحکام

ایشیائی ترقیاتی بینک کی پاکستان کیلئے اکنامک آؤٹ لک جاری کر دی گئی

اسلام آباد (یو این پی) سال 2025 میں پاکستان کی معیشت میں استحکام نظر آیا، ایشیائی ترقیاتی بینک نے پاکستان کیلئے اکنامک آؤٹ لک جاری کر دی، توقع ہے کہ مالی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

عمران خان کی بہنوں کے ساتھ ناروا سلوک کا حساب لیا جائے گا، علی امین

پولیس کی طرف سے خواتین کے ساتھ یہ سلوک ریاستی جبر و تشدد اور فسطائیت کی بدترین مثال ہے، میڈیا سے گفتگو

جعلی حکومت ہوش کے ناخن لے اور ملک کو انارکی کی طرف لے جانے سے باز آئے؛ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخواہ کا بیان

پشاور (یو این پی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخواہ علی امین گنڈا پور کا کہنا ہے کہ علیمہ خان اور عمران خان کی دیگر بہنوں کے ساتھ ناروا سلوک ناقابل قبول اور ناقابل برداشت ہے، وقت آنے پر اس کا حساب لیا جائے گا۔ راولپنڈی کی اڈیالہ جیل کے باہر میں پولیس کی جانب سے بانی چیئرمین عمران خان کی بہنوں اور دیگر قائدین کے ساتھ غیر انسانی سلوک پر وزیر اعلیٰ خیبر پختونخواہ علی امین گنڈا پور نے سخت ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ پولیس کی طرف سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

راجہ پرویز اشرف و دیگر کا تاج حیدر کی وفات پر غم کا اظہار

دکھ اور غم کی گھڑی میں پارٹی قیادت اور کارکن ایک اہم رہنما سے محروم ہو گئے

لاہور (این این آئی) سابق وزیر اعظم راجہ پرویز اشرف نے سینیٹر تاج حیدر کی وفات پر رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ راجہ پرویز اشرف کا کہنا تھا کہ دکھ اور غم کی گھڑی میں پارٹی قیادت اور کارکن (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)



اسلام آباد: وزیر اعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود سے پاکستان وہیل چیئر کرکٹ ٹیم کے کھلاڑی مل رہے ہیں

ہر طرف اندھیرا ہی اندھیرا ہے دعا کریں روشنی ہو جائے: شیخ رشید

ہمیں امید ہے کہ اللہ تعالیٰ انصاف دے گا اور انصاف آسمانوں سے آتا ہے بہت جلد انصاف کی فتح ہوگی: سابق وفاقی وزیر

36 ہزار مقدمات 4 ماہ میں کیسے مکمل ہوں گے؟ ان مقدمات کا 4 ماہ میں پایہ تکمیل تک پہنچانا کافی مشکل ہے

راولپنڈی (یو این پی) سربراہ عوامی مسلم لیگ اور سابق وفاقی وزیر شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ ہر طرف اندھیرا ہی اندھیرا ہے دعا کریں روشنی ہو جائے انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت میں 9 مئی جی ایچ کیو حملہ کیس کی سماعت کے بعد گفتگو کرتے ہوئے شیخ رشید کا کہنا تھا کہ 36 ہزار مقدمات 4 ماہ میں کیسے مکمل ہوں گے؟ ان مقدمات کا 4 ماہ میں پایہ تکمیل تک پہنچانا کافی مشکل ہے۔ انہوں نے کہا کہ دکانداروں اور تاجروں کے کاروبار میں کمزوری آ گئی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

سعودی عرب کے وزیر خارجہ امریکہ کے سرکاری دورے پر واشنگٹن پہنچ گئے

واشنگٹن (این این آئی) سعودی عرب کے وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

چین ٹیرف کے مقابلے میں کرنسی میں ہیرا پھیری کر رہا ہے، ٹرمپ

ٹیرف کی مد میں ہم روزانہ 2 ارب ڈالر حاصل کر رہے ہیں، امریکی صدر

واشنگٹن (این این آئی) مریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے الزام عائد کیا ہے کہ چین ٹیرف کے مقابلے میں کرنسی میں ہیرا پھیری کر رہا ہے البتہ چین کسی نقطے پر ڈیل کر لے گا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی صدر ٹرمپ نے نیشنل ری پبلکن کانگریشنل کمیٹی کی تقریب سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)

سکولوں میں 23 ہزار سکول ٹیچر انٹرن بھرتی کرنے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) دو ہزار سے زائد اپ گریڈ سکولوں میں 23 ہزار سکول ٹیچر انٹرن بھرتی کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا، مذکورہ سکول (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)



اسلام آباد: وفاقی وزیر خالد حسین مگسی سے قازقستان کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

سوتی کپڑے کی برآمدات میں فروری کے دوران 14.25 فیصد کمی ہوئی، شماریات بیورو

مکوآنہ (این این آئی) سوتی کپڑے کی برآمدات میں فروری 2025 کے دوران 14.25 فیصد کی کمی واقع ہوئی ہے۔ ادارہ برائے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

خالصہ جنم دن، وساکھی میلہ کی تقریبات میں شرکت کیلئے بھارتی سکھ یاتری (آج) پاکستان آئینگے

لاہور (این این آئی) خالصہ جنم دن اور وساکھی میلہ کی تقریبات میں شرکت کیلئے بھارت سے سکھ یاتری آج (جمعرات) کے روز واہگہ بارڈر کے راستے پاکستان آئیں گے۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

غزہ میں جنگ ہمیشہ نہیں چل سکتی، جنگ بندی بہت ضروری ہے، حماس

ثالثوں سے رابطہ اب بھی جاری ہے لیکن تاحال کوئی نئی تجاویز سامنے نہیں آئیں، حسام بدران

غزہ (این این آئی) فلسطین کی مزاحمتی تنظیم حماس کے اعلیٰ عہدیدار نے کہا کہ غزہ میں جنگ ہمیشہ نہیں چل سکتی، اس لیے جنگ بندی بہت ضروری ہے۔ فرانسیسی خبر رساں ایجنسی سے بات کرتے ہوئے حماس کے سیاسی بیورو کے رکن حسام بدران نے کہا کہ یہ جنگ ہمیشہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)

پنجاب حکومت کا خواتین کو تعلیمی اداروں میں پردہ کا حکم سنت نبوی کی پاسداری ہے

محکمہ سکولز ایجوکیشن نے ٹیچرز کے لیے بھی ڈریس کوڈ سے متعلق ہدایات جاری کر دیں

رائیونڈ (یو این پی) پنجاب حکومت کا خواتین کو تعلیمی اداروں میں پردہ کا حکم سنت نبوی کی پاسداری ہے، سکول دورانیے میں نماز ظہر کے انتظامات کرنے کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)



لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان ایس او ایس چلڈرن ویلیج انٹرنیشنل کے صدر کو تمغہ خدمت سے نواز رہے ہیں

پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کیلئے پیش

لاہور (این این آئی) پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی شہریوں کے جان و مال کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

پانچویں اور آٹھویں جماعت کے طلبا کے بورڈ امتحانات نہ لینے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پنجاب ایجوکیشن کریکولم ٹریننگ اینڈ اسیسمنٹ اتھارٹی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

جنرل ہسپتال غیر معیاری ادویات کیس، کمپنی کے مالک اور 5 ڈائریکٹرز پر 9 لاکھ جرمانہ عائد

لاہور (این این آئی) جنرل ہسپتال میں غیر معیاری ادویات سپلائی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)

چار اینٹی کرپشن عدالتوں میں نئے ججوں کا تقرر

جاوید اقبال وڑائچ سینئر سپیشل جج اینٹی کرپشن کورٹ لاہور تعینات

لاہور (این این آئی) پنجاب کی اینٹی کرپشن کورٹس میں چار نئے ججوں کی تعیناتی کر دی گئی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق جاوید اقبال وڑائچ کو سینئر سپیشل جج اینٹی کرپشن کورٹ لاہور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

پیپلز پارٹی کا سینیٹر تاج حیدر کے انتقال پر تین روزہ سوگ کا اعلان

سیکرٹری جنرل تاج حیدر کے انتقال پر پیپلز پارٹی کی تمام سیاسی سرگرمیاں تین روز کیلئے معطل رہیں گی



اسلام آباد: اٹلی کے مشہور انجینئر ایلون رومانو واپڈا کی جانب سے منعقدہ لیکچر میں اظہار خیال کر رہے ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی نے سینیٹر تاج حیدر کے انتقال پر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)

لاہور بورڈ نے نہم جماعت کی رجسٹریشن کا شیڈول جاری کر دیا

لاہور (این این آئی) پنجاب بورڈ کمیٹی آف چیرمینز نے نہم جماعت کی رجسٹریشن کے لئے شیڈول کی منظوری دے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

وزیر اعظم شہباز شریف کی بنیادی ترجیح شعبہ صحت ہے، وفاقی صحت وزیر

وزیر اعظم شہباز شریف کی بنیادی ترجیح شعبہ صحت ہے، ایک بھی لمحہ اور موقع ضائع نہیں ہونے دیتے، سید مصطفیٰ کمال

زچگی کے دوران سالانہ 10 ہزار مائیں اپنی جانیں کھو دیتی ہے، 38 فیصد بچے غذائی قلت کے ساتھ زندگی گزار رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ وزیر اعظم شہباز شریف کی بنیادی ترجیح شعبہ صحت ہے، زچگی کے دوران سالانہ 10 ہزار مائیں اپنی جانیں کھو دیتی ہے، 38 فیصد بچے غذائی قلت کے ساتھ زندگی گزار رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو صحت کے عالمی دن کی مناسبت سے عالمی ادارہ صحت کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ زچگی کے دوران (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)



لاہور: سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ ماڈل ٹاؤن اور کینٹ ڈویژن کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

نیتن یاہو کو خفیہ ایجنسی سربراہ کی برطرفی سے روک دیا گیا

خفیہ ایجنسی سربراہ شن بیت چیف رونن بار کو فی الحال ہٹایا نہیں جا سکتا ہے، فیصلہ

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی عدالت نے نیتن یاہو کو خفیہ ایجنسی سربراہ کی برطرفی سے روک دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق عدالت کا کہنا تھا کہ خفیہ ایجنسی سربراہ شن بیت چیف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

2025 کا سال خوشخبریوں کا سال ثابت ہوگا، رانا طارق

صوبائی اور وفاقی حکومت عوام کو مزید خوشخبریاں دیتے رہیں گے

رائیونڈ (یو این پی) صوبائی اور وفاقی حکومت عوام کو مزید خوشخبریاں دیتے رہیں گے؛ رانا طارق 2025 کا سال خوشخبریوں کا سال ثابت ہوگا، ملک کو دیوالیہ، ریاستی اداروں پر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)



اسلام آباد: ایم کیو ایم پاکستان کے چیئرمین خالد مقبول صدیقی پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں، پارٹی رہنما بھی موجود ہیں

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز



چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نان کسٹم پیڈ اور غیر رجسٹرڈ گاڑیوں کیخلاف کریک ڈاؤن سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پنجاب میں نان کسٹم پیڈ، غیر رجسٹرڈ گاڑیوں کیخلاف کریک ڈاؤن کا آغاز

آپریشن کیلئے پولیس، ایکسائز اور کسٹمز کی مشترکہ ٹیمیں تشکیل دی جائیں، چیف سیکرٹری کی ہدایت

نان کسٹم پیڈ اور غیر رجسٹرڈ گاڑیوں کی نشاندہی کیلئے سیف سٹیزیز اتھارٹی سے مدد لینے کا فیصلہ

لاہور (خبر نگار) زیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر صوبہ میں نان کسٹم پیڈ اور غیر رجسٹرڈ گاڑیوں کیخلاف کریک ڈاؤن کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نے بدھ کے روز نان کسٹم پیڈ اور غیر رجسٹرڈ گاڑیوں کریک ڈاؤن سے متعلق ایک اہم اجلاس کی صدارت کی جس میں سیکرٹری داخلہ، کمشنر لاہور ڈویژن، ڈی جی ایکسائز اور کلکٹر کسٹم لاہور نے شرکت کی۔ اجلاس میں نان کسٹم پیڈ اور غیر رجسٹرڈ گاڑیوں کی نشاندہی کیلئے سیف سٹیزیز اتھارٹی سے مدد لینے کا فیصلہ کیا گیا۔ چیف سیکرٹری پنجاب نے ہدایت کی کہ آپریشن کیلئے پولیس، ایکسائز اور کسٹمز کی مشترکہ ٹیمیں تشکیل دی جائیں اور سڑکوں پر چیکنگ کیلئے ساتھ اضافی جس میں اکثر نان کسٹم پیڈ یا غیر رجسٹرڈ گاڑیاں استعمال کی جاتی ہیں، عوامی تحفظ اور جرائم کی روک تھام یقینی بنانے کیلئے کریک ڈاؤن شروع کیا گیا ہے۔



لاہور: پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس کے 52ویں کامن پروبیشنری افسران کی ڈپٹی کمشنر لاہور آفس آمد

ڈی سی لاہور نے افسران کو خوش آمدید کہا، تعارفی سیشن منعقد ہوا

لاہور (خبر نگار) پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس کے 52ویں کامن پروبیشنری افسران نے ڈپٹی کمشنر لاہور کا دورہ کیا۔ ڈی سی لاہور نے افسران کو خوش آمدید کہا اور تعارفی سیشن منعقد ہوا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ پاکستان سروس کے پروبیشنری افسران سویلین ایجنٹ کے دوران سٹڈی ٹور پر ہیں۔ ڈی سی لاہور نے کہا کہ انتظامی افسران 24 گھنٹے آن ڈیوٹی ہوتے ہیں اور کام کر رہے ہیں، ڈی سی لاہور نے تمام محکموں کے درمیان رابطہ کاری میکانزم ورکنگ بارے بریفنگ دی۔ پروبیشنری افسران کو لاہور میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ سفارت پنجاب، پراونس چیننگ، کے پی آئیز، سوشیو اکانامک ٹرانسفارمیشن و دیگر اہداف و انتظامات پر آگاہ کیا گیا۔ تعاوزات خاتمہ، ماڈل ریڑھی بازاروں اور جگہیوں کی منتقلی کے حوالے سے بریفنگ دی گئی ہے۔ وفاق کے پروبیشنری افسران اضافہ ہوا ہے، اس سلسلے میں ڈی ایم اے نے پنجاب میں موسم کا مکمل تعطیلات کے حوالے سے تجزیہ دی ہے۔ ترجمان کے مطابق شدید گرمی کی وجہ سے ہیٹ ویو کے خطرے کے پیش نظر ڈی ایم اے پنجاب (پنجاب کے تمام اسکول، ایجوکیشن، مانیٹر ایجوکیشن اور سوبے ہمر کے کمشنر و ڈپٹی کمشنر کو ہدایت جاری کی ہے۔ ڈائریکٹر جنرل ڈی ایم اے عرفان علی کاظمی کا کہنا ہے کہ مختلف محکموں کو جیسے کے مراسلے بھیجا گیا ہے کہ اسکولوں کے اوقات میں ردوبدل اور تبدیلی کی صورت میں موسم گرما کی چھٹیوں کا جلد اعلان کیا جائے۔

شدید گرمی؛ اسکولوں میں موسم گرما کی تعطیلات جلد کرنے کی تجویز ہیٹ ویو کے خطرات کے پیش نظر ڈی ایم اے نے پنجاب کے مختلف محکموں کو مراسلہ بھیج دیا

لاہور (سٹی رپورٹر) شدید گرمی؛ اسکولوں میں موسم گرما کی تعطیلات جلد کرنے کی تجویز ہیٹ ویو کے خطرات کے پیش نظر ڈی ایم اے نے پنجاب کے مختلف محکموں کو مراسلہ بھیج دیا، ملک بھر میں گرمی کی شدت میں بتدریج

پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس کے 52ویں کامن پروبیشنری افسران کی کمشنر لاہور آفس آمد

ایڈیشنل کمشنر (جنرل) کنٹونمنٹ عبدالسلام عارف نے لاہور کے پروگرام منظم کے درمیان رابطہ کار مقرر کیا۔ ایڈیشنل کمشنر (جنرل) کنٹونمنٹ بورڈ لاہور عبدالسلام عارف نے پروبیشنری افسران کو لاہور کی مختلف تاریخی عمارتوں کے بارے میں بریفنگ دی۔ پروبیشنری افسران کو لاہور کی ثقافت، تاریخ، پرانے شہر کے تحفظ اور ترقیاتی منصوبوں کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ پروبیشنری افسران نے لاہور کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا۔ پروبیشنری افسران کو لاہور کے مختلف تاریخی مقامات کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ پروبیشنری افسران نے شاہی قلعہ، بادشاہی مسجد، مینار پاکستان، گورنر ہاؤس، شالامار باغ، لاہور میوزیم، جہانگیر کا مقبرہ، نور جہاں کا مقبرہ، مقبرہ انارکلی، مقبرہ عبدالحکیم، مقبرہ شاہ جمال، مقبرہ مادھو لال حسین، مقبرہ داتا گنج بخش، مقبرہ میاں میر، مقبرہ جہانگیر، مقبرہ نور جہاں

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور''(3)10اپریل 2025ء

ڈپٹی کمشنر حافظ آباد کا بائی پاس ریلوے لائن پر زیر تعمیر فلائی اوور منصوبے کا دورہ

ڈپٹی کمشنر نے محکمہ ہائی وے کے افسران کو فلائی اُوور کے تعمیراتی کام چوبیس گھنٹے کرنے کی ہدایت کی

حافظ آباد(بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے بائی پاس ریلوے لائن پر زیر تعمیر فلائی اُوور کے منصوبے کا دورہ کیا۔جہاں ڈپٹی کمشنر نے محکمہ ہائی وے کے افسران کو فلائی اُوور کے تعمیراتی کام چوبیس گھنٹے کرنے کی ہدایت کی۔اس اہم عوامی وفلاعی منصوبے پر دن اور رات کی شفٹوں میں کام کرتے ہوئے جلد از جلد مکمل کیا جائے تاکہ عوام کی مشکلات میں کمی ہو اور انہیں بہتر سفری سہولت دستیاب ہو سکے۔ڈپٹی ڈائریکٹر ورکس نصیر احمد نے ڈپٹی کمشنر کو منصوبے کی تکمیل سے متعلق بریفنگ دی۔ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ہائی وے کے افسران اس منصوبے کی معیاد کے مطابق بروقت تکمیل کے لیے چوبیس گھنٹے کام کریں تاکہ یہ منصوبہ جلد از جلد پایہ تکمیل کو پہنچے اور عوام اس منصوبے کی تکمیل سے بہتر سفری سہولت حاصل کر سکیں۔ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ فلائی اُوور کی تعمیر کے دوران عوامی مشکلات اور دشواری کا انہیں باعثِ علم ہے اس لیے وہ خود باقاعدگی سے اس منصوبے کی مانیٹرنگ کر رہے ہیں تاکہ اسے جلد از جلد مکمل کیا جا سکے۔



مٹی سے اڑنے والی دھند اور دھویں کی وجہ سے ڈسکہ کنڈیان روڈ پر پے در پے حادثات، 7 افراد جاں بحق

ڈسکہ (کھیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) مٹی سے اڑنے والی دھند اور دھویں کی وجہ سے ڈسکہ کنڈیان روڈ پر پے در پے حادثات رونما ہو رہے ہیں، جن میں اب تک 7 افراد جاں بحق ہو چکے ہیں، جبکہ درجنوں زخمی ہوئے ہیں۔ ان حادثات کی بڑی وجہ سڑک کے دونوں اطراف کھیتوں میں کی جانے والی کٹائی کے دوران اڑنے والی مٹی اور دھواں ہے، جو ٹریفک کو شدید متاثر کر رہا ہے۔ ڈسکہ کنڈیان روڈ پر ہر روز سینکڑوں گاڑیاں گزرتی ہیں، لیکن کھیتوں سے اٹھنے والی گھنی دھند کی وجہ سے ڈرائیورز کو سامنے کا کچھ دکھائی نہیں دیتا، جس کی وجہ سے تصادم کے واقعات پیش آ رہے ہیں۔ ان حادثات میں زخمی ہونے والے متعدد افراد کو تشویشناک حالت میں ہسپتال منتقل کیا گیا، جبکہ 7 افراد اپنی جان سے گئے۔ مقامی افراد کا کہنا ہے کہ متعلقہ محکموں کو اس مسئلے پر فوری توجہ دینی چاہیے اور کھیتوں سے اٹھنے والی مٹی کو کنٹرول کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں۔ ٹریفک پولیس کے ترجمان نے بھی شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اس روٹ پر سفر کرتے وقت احتیاط برتیں اور ممکن ہو تو متبادل راستے اختیار کریں۔



اسسٹنٹ کمشنر العلی خان کانبنیادی مرکز صحت 11/1 اپریل میں طبی سہولیات کی جانچ پڑتال

مریضوں کی سہولت اور علاج معالجہ کی موثر طبی سہولیات کی فراہمی بارے ہدایات جاری کیں

اوکاڑہ(راؤ اکرام ربانی/قوت) اسسٹنٹ کمشنر العلی خان کانبنیادی مرکز صحت 11/1 اپریل میں طبی سہولیات کی جانچ پڑتال کی۔انہوں نے مرکز صحت میں مریضوں کو میسر طبی سہولیات کا جائزہ لیا اور مریضوں کی سہولت اور علاج معالجہ کی موثر طبی سہولیات کی فراہمی بارے ہدایات جاری کیں۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ مرکز صحت میں مریضوں کو بہترین میڈیکل سہولیات فراہم کرنے کے لیے حکومت پنجاب کی کابینہ انٹرنیز پروگرام فیصل وڈرامہ کوسٹی پانیا بنایا ہے انہوں نے کہا کہ مرکز صحت میں چار پردہ داری کی تعمیر مرمت کے لیے تمام امور کو جلد از جلد مکمل کرنے کے لیے بھی فوری طور پر اقدامات کیے جائیں

خواتین ومعذوروں کیلئے ٹکٹنے کوٹے ترجیحی سٹیٹس جاری ہیں۔ جنا نور ین ایڈووکیٹ

خواتین ومعذوروں کی معاونت کیلئے ٹکٹنے ترجیحی سٹیٹس جاری ہیں۔ پدیدہ ڈیٹ بیداری



سیالکوٹ(ڈسٹرکٹ پدروسامراجاوید) بیداری سیالکوٹ فورم پدیدہ دراسے معاشرے کے پسے ہوئے طبقہ خواتین، معذوروں اور بیکوں کی ذی کی ذریعے عام کار کاادر خواتین ومعذوروں کے حقوق و بہبر وقار بانے کیمیت ویمن ایپاورمنٹ و کاروباری مقاصد کٹکنے معاونت و ایپوٹمنٹ کٹکنے قابل دیدہ ڈسٹرکٹ ریسورس پرسنز کے سٹیٹرز کرایے ہیں۔خواتین اور معذور افراد کے لئے باعث روزگار کے مواقع میں رکاوٹ ہٹانے اور معاشرتی رویوں کو تبدیل کرنے کے مقصد اجاگر کرنا خوش ضروری ہے۔ جس کٹکنے کا مقام ہے ان باتوں کا اظہار قومی کمیشن برائے پدیدہ ویمن کٹکنے کی اقدامات کرنے والی قومی آواز و پدیدہ بیداری حتاء نورین قومی ایوارڈ یافتہ میڈیا ٹاک پی ایپ۔انہوں نے کہا کہ ہمارا ہی قومی ترقی اور کی کامیابی کا اظہار کرتے ہوئے معاشرے کے پسے ہوئے طبقہ خواتین، معذور افراد اور بیکوں کی ذی کے لئے کام کرنے والے اداروں کے نمائندے شامل ہوتے ہیں۔

(ن) لیگ کی حکومت عوام کو ریلیف دے گی، چیئرپرسن عوامی پارلیمنٹیرین زرینہ شاہین

2018 میں ان کی جماعت نے ن لیگ کے بھرپور ساتھ دیا تھا، لیکن کیے گئے وعدوں کی پاسداری نہیں کی گئی



فیصل آباد(مسعود احمد بھٹی) عوامی پارلیمنٹیرین کی چیئرپرسن زرینہ شاہین نے مسلم لیگ (ن) کی اہم قیادت سے رابطے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ 2018 میں ان کی جماعت نے ن لیگ کا بھرپور ساتھ دیا تھا لیکن کیے گئے وعدوں کی پاسداری نہیں کی گئی۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ مائی کی قلیوں کی نہیں دریا یا لے گا اور مسلم لیگ (ن) عوام کو حقیقی ریلیف فراہم کرے گی۔اپنے بیان میں زرینہ شاہین نے مسلم لیگ کو فرعونوں سے نجات دلانا، کرپشن کا خاتمہ، اور قوانین کو آئین و قانون کے دائرے میں کام کرنے کا پابند بنانا اولین ترجیحات ہونی چاہئیں۔انہوں نے واضح کیا کہ کسی فرد و ادارے کو خواہش پر قوانین اور فرائض کی ادائیگی نہیں دی جائے گی۔انہوں نے مسنگ پرسن کے مسئلے پر بھی تشویش ظاہر کی اور کہا کہ ریاست شہریوں کے تحفظ میں ناکام رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم ایک ایسے پاکستان کا خواب دیکھتے ہیں جہاں ہر شہری کو برابر کے حقوق حاصل ہوں، جہاں کسی کو اس کے عقیدے، نسل یا سیاسی وابستگی کی بنیاد پر نشانہ نہ بنایا جائے۔

فلسطین میں معصوم انسانوں کا قتل عام کھلی دہشت گردی ہے

حافظ ابوبکر پٹوی،عبید الرزاق انصاری، حسن محمدی، حافظ عبد الحکیم، حافظ یاسر فاروق کا مشترکہ بیان

سندری(کھیل رپورٹر) فلسطین میں معصوم انسانوں کا قتل عام کھلی دہشت گردی ہے، ان خیالات کا اظہار جمعیت اہلحدیث پورٹوفرس فیصل آباد حافظ ابوبکر پٹوی،صوبہ الرزاق انصاری صدر اہلحدیث یوتھ ونگ فیصل آباد،حسن محمدی صدر تحصیل جماعۃ الدعوۃ، حافظ عبد الحکیم جنرل سیکرٹری تحصیل جماعۃ الدعوۃ، حافظ یاسر فاروق صدر تحصیل سندری، جنرل سیکرٹری تحصیل سندری حافظ یاسر فاروق، ضیغم خالد،محمد وقاص سندھو میڈیا انچارج ضلع فیصل آباد نے اپنے مشترکہ بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان کے امیر حافظ خضر حیات حفظہ اللہ و ہدایات کی روشنی میں ملک بھر میں فلسطین کے مظلوم مسلمانوں کے حق میں احتجاج ضلع فیصل آباد کے تحت ہفتہ وار پروگرامز کے تحت ہفتہ کو ریلی نکالی گئی ہے جس کی قیادت ضلع فیصل آباد کے امیر حافظ ابوبکر پٹوی کر رہے ہیں ریلی کا آغاز 10 بجے سے 12 بجے تک ہوگا ریلی کا روٹ جامع مسجد اہلحدیث سے شروع ہو کر گھنٹہ گھر چوک پر 15 منٹ تک جاری رہے گی ، ریلی کے بعد گھنٹہ گھر چوک میں بھارت کے ظلم و بربریت کے خلاف احتجاجی مظاہرہ ہوگا جس میں بھارت کے ظلم و بربریت کے خلاف مذمتی قرارداد پیش کی جائے گی اور

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

فتنہ خوارج اور افغانوں کی واپسی!

پاکستان میں جاری دہشت گردی کی مذموم سرگرمیوں میں بھارت تو روز اول سے ملوث ہے، جس کی تصدیق امریکی انٹیلی جنس، اقوام متحدہ اور انسانی حقوق کی بین الاقوامی تنظیموں نے بھی کی ہے مگر افسوسناک حقیقت یہ ہے کہ ہمسایہ اسلامی ملک افغانستان بھی اس کا عملی سہولت کار ہے۔ پاکستان کے بار بار انتباہ کے باوجود اس نے نہ صرف ٹی ٹی پی کے خوارج کو اپنی سرزمین سے پاکستانی علاقوں میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کی چوکیوں، عبادت گاہوں اور پرامن شہریوں کو بھی نشانہ بنانے، بلکہ افغان باشندوں کو بھی ان کے حملوں کا حصہ بننے کی کھلی چھٹی دے رکھی ہے۔ ہفتہ اور اتوار کی درمیانی شب شمالی وزیرستان کے علاقہ حسن خیل میں افغان سرحد سے دہشت گردوں کی دراندازی کی ایسی ہی ایک کوشش ناکام بنادی گئی۔ پاکستان کی سیکورٹی فورسز سے فائرنگ کے تبادلے میں 8 خارجی ہلاک اور 4 زخمی ہوگئے۔ آئی ایس پی آر نے اس موقع پر اپنے اعلامیہ میں ایک بار پھر کابل کی طالبان حکومت کو خبردار کیا ہے کہ اپنی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال نہ ہونے دے۔ علاقے میں مزید خوارج کے خاتمے کیلئے سینی ٹائزیشن آپریشن جاری ہیاور سیکورٹی فورسز نے پاک سرحد کے تحفظ اور دہشت گردی کے خاتمے کیلئے پختہ عزم کا اظہار کیا ہے۔ پاک فوج کے ترجمان نے پھر مطالبہ کیا ہے کہ کابل حکومت خوارج کو روکے۔ تکلیف دہ حقیقت یہ بھی ہے کہ روس اور امریکہ کے یکے بعد دیگرے حملوں سے بے گھر ہونے والے تقریباً 50 لاکھ کے لگ بھگ افغان مہاجرین کو پاکستان نے انسانی ہمدردی اور اسلامی اخوت کے تقاضوں کے تحت پناہ دی تھی۔ ان میں بہت بڑی تعداد میں وہ افغان بھی شامل تھے جو قانونی دستاویزات کے بغیر پاکستان میں نہ صرف رہ رہے تھے، بلکہ جعلی شناختی کارڈ بھی بنوالیا اور جائیدادیں بھی بنالیں۔ دہشت گردی کی کارروائیوں میں ایسے بہت سے لوگ پکڑے گئے۔ حکومت پاکستان نے غیر قانونی طور پر اپنے ملک میں مقیم افغان باشندوں کو رضا کارانہ طور پر واپس جانے کیلئے کہا، جس کی آخری تاریخ 31 مارچ گزرنے پر انہیں جبراً بے دخل کرنے کی کارروائی شروع ہوگئی ہے۔ سیکورٹی ایجنسیوں کی باضابطہ چھان بین اور تصدیق کے بعد پنجاب اور سندھ سے اب تک پانچ ہزار سے زائد افغان باشندوں کو افغانستان واپس بھیجنے کیلئے بارڈر انٹرنٹ کیمپوں اور مراکز میں منتقل کردیا گیا اور یہ عمل ابھی جاری ہے۔ ایک لاکھ افغان باشندوں کی نشاندہی ہوچکی ہے، جو قانونی دستاویزات کے بغیر یہاں رہ رہے ہیں۔ جنیوا کنونشن کے تحت پاکستان انہیں یہاں قانونی تحفظ دینے کا پابند نہیں۔ حکام کے مطابق انہیں واپسی کے سفر میں خوراک سمیت ہر قسم کا تحفظ دیا جارہا ہے۔ سندھ سے کل 300 افغانی واپس گئے۔ بے دخل کیے جانے والے افغانوں نے شکایت کی ہے کہ حکومت نے انہیں نکالنے کے فیصلے پر عملدرآمد میں عجلت سے کام لیا، جس کی وجہ سے وہ اپنی جائیدادیں اونے پونے بیچنے پر مجبور ہوئے۔ حالانکہ یہ جائیدادیں انہوں نے غیر قانونی طور پر بنائیں۔ پاکستان نے افغان مہاجرین کیلئے اب تک جو کچھ کیا، خیر خواہی کے جذبے سے کیا۔ انہیں بے دخل کرنے کی ٹھوس وجوہات موجود ہیں، جن کا طالبان حکومت اور خود مہاجرین کو بھی ادراک ہونا چاہئے۔ تاہم حکومت کو ان کی واپسی کا عزت واحترام سے بندوبست کرنا چاہئے۔ یہ تاثر نہیں دینا چاہئے کہ انہیں سزا کے طور پر واپس کیا جارہا ہے، ان کی واپسی پاکستان کو درپیش دہشت گردی میں ان کے ٹھوس شواہد کا نتیجہ ہے۔ جس کے ازالے کی خود کابل حکومت کو ذمہ داری قبول کرنی چاہئے تھی، جو اس نے نہیں کی۔ پاکستان آخر کب تک ان کی وجہ سے مالی اور جانی نقصانات اٹھاتا رہے گا۔

جنگلی حیات کا تحفظ

جنگلی حیات کسی بھی ملک کا سرمایہ جانی جاتی ہیاور قدرت کی اس انمول تخلیق کا تحفظ دیگر ذمہ دار ممالک کی طرح من حیث القوم ہمارا بھی فرض ہے۔ تاہم یہ ایک تلخ حقیقت ہے کہ صوبائی سطح پر وائلڈ لائف کے محکمے قائم ہونے اور ان کے ذیلی قوانین اور ممانعت کے باوجود قیام پاکستان سے اب تک، جنگلی حیات کا تحفظ دور کی بات ایسے دردی سے نقصان پہنچایا گیا، جس سے نایاب پرندوں اور جانوروں کی تعداد تیزی سے کم ہوئی۔ وطن عزیز میں جنگلی حیات مخصوص مقامات تک محدود نہیں، آبادیوں میں بھی پائے جانے والے جانور اور پرندے تعمیری انسانی رویوں کے محتاج ہیں۔ جنگلی حیات کی بقا اور حفاظت کیلئے وزیراعلیٰ مریم نواز کے وژن کے تحت جنوبی پنجاب میں تاریخ کے سب سے بڑے کومہنگ آپریشن کا آغاز کیا گیا ہے۔ جس کے تحت محکمہ وائلڈ لائف نے متعلقہ مراکز پر چھاپے مارتے ہوئے متعدد نایاب جانور اور پرندے برآمد کیے ہیں۔ اس آپریشن کے دوران مزاحمت بھی دیکھنے میں آئی اور اسپیئر کا جادو جیت کا جذبہ اپنے سحر میں مبتلا کرلے گا ہر ٹیم پر جوش اور جیت کے جذبے سے سرشار ہے 11 اپریل سے 18 مئی تک جاری رہنے والا یہ سنسی خیز ٹورنامنٹ شائقین کرکٹ کے لئے بہت بڑا ایونٹ ثابت ہوگا قومی اور انٹرنیشنل کھلاڑی ایکشن میں نظر آئیں گے جو پاکستان کے چار شہروں راولپنڈی، لاہور، ملتان اور کراچی میں کھیلا جائے گا اس سے قبل ایک نمائشی میچ پشاور میں کھیلا جاچکا ہے پی ایس ایل کی وجہ سے ان شہروں کو مکمل کور پر سجایا جبکہ سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات یقینی بنائے جاچکے ہیں کھلاڑیوں کے ہوٹلز سے سٹیڈیم تک روٹس پر سی سی ٹی کیمرے اسنائپرز کی تعیناتی ہیلی کاپٹرز کے ذریعے مکمل نگرانی سے سب کچھ با حفاظت یقینی ہوگا جڑواں شہر راولپنڈی کے حساس ایریا میں قائم سٹیڈیم میں رنگارنگ تقریب سے پی ایس ایل 10 کے سیزن کا آغاز ہوگا اس سے قبل ٹرافی کی رونمائی کی تقریب کراچی کے قریب سمندر میں منعقد کی جاچکی ہے جہاں پاک بحریہ کے غوطہ خور نے ٹرافی کو بحیرہ عرب کی تہہ سے نکال کر فرنچائزز کے حوالے کیا ٹرافی کا نام LumninoraThe Trophy رکھا گیا ہے چاندی سے بنی اس ٹرافی میں 22 ہزار سے زائد زرکون ہیرے جڑے ہیں پہلا میچ دفاعی چیمپئن اسلام آباد یونائیٹڈ اپنے ہوم گراؤنڈ پر لاہور قلندرز کے ساتھ کھیلے گا پی ایس ایل میں شامل تمام ٹیموں نے متعدد مشہور بین الاقوامی کھلاڑیوں کو شامل کیا ہے اس ٹورنامنٹ کی اہم بات کراچی کنگز نے آسٹریلیا



پہلو
صابر مغل
sabirmughal27@gmail.com

کے ممتاز کھلاڑی ڈیوڈ وارنر جو کسی بھی میچ کا پانسہ پلٹنے کی صلاحیت سے مالا مال ہیں کو اپنی ٹیم میں بطور کپتان شامل کیا ہے ڈیوڈ وارنر سیزن کے سب سے مہنگے کھلاڑی کے طور بھی شامل ہیں جن کا معاوضہ 3 لاکھ ڈالر (80 کروڑ 36 لاکھ روپے) ہے جو دنیا کے ٹاپ ٹین کھلاڑیوں میں شامل ہیں وہ ایونٹ کے آغاز سے ایک روز قبل پاکستان پہنچیں گے راولپنڈی 11، ملتان اور کراچی 5.5 اور فائنل سمیت باقی میچز قذافی سٹیڈیم لاہور میں کھیلے جائیں گے ایونٹ کا پہلا میچ رات 8 بجے شروع ہوگا جبکہ 3 ڈبہ ہیڈرز (ایک دن میں 2 میچز) جن میں پہلا میچ 2 بجے ہوگا باقی تمام میچز شام 7 بجے شروع ہوا کریں گے اس شاندار ایونٹ میں حصہ لینے والی 6 ٹیموں نے اپنے اپنے اسکواڈ کو مقامی وآسٹریلیا ویسٹ انڈیز انگلینڈ بنگلہ دیش افغانستان سری لنکا آئرکینڈ جنوبی افریقہ نیوزی لینڈ زمبابوے نمیبا متحدہ عرب امارات سے تعلق رکھنے والی کھلاڑیوں کے ساتھ حتمی شکل دے دی ہے دفاعی چیمپئن اسلام آباد یونائیٹڈ شاداب خان کپتان عماد وسیم نسیم شاہ اعظم خان حیدر علی سلمان علی آغا رومان رئیس کولن منرو میتھیو شارٹ حسین ہولڈر بین دواشس سلمان ارشاد محمد نواز اینڈ رائزگوس حسنین شاہ ریلے کیری وینڈر ڈاسن صاحبزادہ فرحان الیکس کیرے، لاہور قلندرز شاہین شاہ آفریدی کپتان فخر زمان حارث رؤف عبداللہ شفیق زمان خان جہانداد خان سکندر رضا ڈیوڈ ویزے ڈیرل مچل کاسل بریرا پائل رائنل کمار دھرماسینا لیکس وہارف کرس براؤن علیم ڈار آصف یعقوب راشد ریاض عبدالمقیت ناصر حسین طارق رشید ذوالفقار احمد میچ ریفریز میں رنجن مدوگالے روشن ماہانامہ علی نقوی محمد جاوید ملک افتخار احمد ندیم ارشد اور اقبال شامل ہیں میچز کے دوران نئی میچ آفیشلز ٹیکنالوجی متعارف کروائی جارہی ہے جس سے میچ میں شفافیت اور فیصلوں میں مدد ملے گی نوبال ڈی آر ایس ایمپائرز کی لائیو کمیونیکیشن مختلف زاویوں سے ری پلے میچ انگنز کا وقت بھی براہ راست دیکھا جا سکے گا، ایونٹ میں پہلی بار قبائلی علاقے کرم سے لنڈ بوان کے محمد نعیم شاہد عزیز لاہور قلندر اور چھیری گاؤں کے شاہد عزیز ملتان سلطان میں شامل ہیں راولپنڈی لاہور اور ملتان میں پولیس کے ساتھ ساتھ رینجرز کے ایک ایک ونگ اور آرمی کی 2.2 کمپنیاں اور کراچی میں بھی رینجرز اور آرمی کی تعیناتی عمل میں لائی گئی ہے جو فول پروف سیکورٹی کو یقینی بنائیں گی یہ ٹیموں کے قیام سفر اور میچز کے دوران ذمہ داریاں انجام دیں گی میچوں کے دوران چاروں شہروں میں ٹریفک کی روانی پر بہترین حکمت عملی طے کی گئی ہے لاہور قلندرز اور کراچی کنگز ایسی ٹیمیں ہیں جنہوں نے کسی ایک ایونٹ میں صرف ایک میچ جیتا اس بار چیمپئنز کونسی ٹیم ہوتی ہے۔

محمد فہیم کی شاعری میں جذبات اور صنعتوں کی جلوہ گری



تحریر: ثمیلہ لطیف

محمد فہیم معروف ماہر تعلیم ہیں۔ انہوں نے شاعری کا آغاز 2009ء میں کیا۔ اب تک ان کی شاعری کے چھے مجموعے منظر عام پر آچکے ہیں۔ محمد فہیم موجودہ عہد کے ایک اہم شاعر ہیں ان کے اشعار کا بغور جائزہ لینے سے یہ بات آشکار ہو جاتی ہے کہ انہیں حسن سے والہانہ لگاؤ ہے۔ جس حسین شے پر ان کی نظر پڑی یا جس چیز کو انہوں نے بغور دیکھا اور محسوس کیا اسے اپنی غزل کا موضوع بنا لیا انہوں نے خود کو محض حسن کے مشاہدہ تک ہی محدود رکھا اور یہی وجہ ہے کہ ان کی شاعری کا بیشتر حصہ حسن اور حسن کے بیانات پر مبنی ہے البتہ ان کی حسن پرستی میں بوالہوسی یا ہوسناکی کا شائبہ تک نہیں انہوں نے حسن کو بے شمار زاویوں سے دیکھا اور ان گنت نقطہ ہا? نظر سے پرکھا ہے یہی وجہ ہے کہ ان کی غزلوں میں حسن کے ان گنت روپ بے نقاب دکھائی دیتے ہیں۔

محمد فہیم حسن کے شیدائی ہیں ان کے قدم حسن کو دیکھ دیکھ کر رک جاتے ہیں۔ چند اشعار ملاحظہ ہوں جو حسن کی انہی ملی جلی کیفیات کا اظہار یہ ہیں۔

حریم دل میں تمہیں ہم سدا جگہ دیتے
ہمارے دل سے اگر تم معاملہ کرتے
ہمارے شہر سے اک بار تو گزر جاتا
تیرے نقوش کو ہم اپنا راستہ کرتے
کوئی جگنو یا ستارہ نہ چرالے اس کو
ہونے لگتا ہے مجھے کیوں یہ گماں شام کے بعد

ان اشعار سے ہمیں یہ اندازہ ہوتا ہے کہ محمد فہیم حسن کے ایک ایک پہلو سے متاثر دکھائی دیتے ہیں۔ نظارہ? حسن سے ان پر ایک خوشی اور سرمستی کی کیفیت طاری ہوجاتی ہے اور انہیں شبہ ہونے لگتا ہے کہ ان کے بے مثال حسن والے محبوب کو کہیں کوئی جگنو یا ستارہ نہ لے جائے۔

محمد فہیم معاملاتِ عشق کی بجائے تجلیات حسن کا تذکرہ زیادہ شدت سے کرتے ہیں چونکہ ان کا زیادہ تر لگاؤ حسن سے متعلق ہے تو اسی وجہ سے ان کا عاشق بہت متحرک ہے۔ جو زندگی کے ساتھ ایک خاص تعلق جوڑنا چاہتا ہے یہی اس کا مقصد ہے۔

ان کے ہاں عاشق کی شدید ترین خواہش محبوب کا وصل ہے وہ اپنے محبوب سے تمام تر تکلفات مٹا کر وصل کے نشاط انگیز لمحات سے مسرت کشید کرنا چاہتے ہیں۔

محمد فہیم کے ہاں چونکہ زیادہ تر ہجر کو موضوع بنایا گیا اور ہجر کا تعلق الم اور دکھ کے ساتھ واسطہ ہے تو حسن کے بعد ان کی شاعری کا دوسرا اہم پہلو ہجر ہے۔ ہجر کا تعلق دکھ سے ہے اور یہ دکھ اور غم ان کے یہاں انسانی زندگی کا ایک حصہ بن کر آیا ہے۔ محمد فہیم اپنے غم کے اظہار سے اپنے قاری کو پستی کے عالم سے اٹھا کر بلندی کی طرف لے جاتے ہیں وہ غم کو اس طرح بیان کرتے ہیں کہ ہم غم کے حسن اور حسن بیان سے خود غم کو اس طرح فراموش کر دیتے ہیں جیسے کسی بدنما چیز کی خوبصورت تصویر دیکھ کر ہم اس کی بدنمائی کو بھول جاتے ہیں۔ محمد فہیم کے غم میں قدرے نشاطیہ کیفیت موجود ہے اور یہ بھی صحیح ہے کہ ان اشعار کو پڑھ کر ہمیں بے بسی یا مجبوری کا احساس نہیں ہوتا۔ ان کے غم میں یاس کی لَے تو پائی جاتی ہے لیکن یہ مایوس کن انگیز نہیں ہے۔ یہ اشعار دیکھیے

سوچ کر میں یہ چراغوں کو بجھا دیتا ہوں
کون آئے گا نہیں اور یہاں شام کے بعد

محمد فہیم کی "شام کے بعد" ردیف والی غزل پڑھ کر فرحت عباس شاہ یاد آجاتے ہیں جن کے یہاں "شام کے بعد" ردیف والی بہت سی غزلیں ہیں جو مختلف قافیوں کے ساتھ جلوہ گر ہوئی ہیں۔

ایک شعر یہ ہے

ٹوٹے ہے سورج تجھے معلوم کہاں رات کا دُکھ
ٹوٹ کسی روز میرے گھر میں اُتر شام کے بعد

محمد فہیم کے اشعار دیکھیے:

مجھے وہ چھوڑ کے ہوتا ہے خوش، بہت لیکن
مرے بغیر کہاں وہ بھی چین پائے گا
یاد آتا ہے تیرا بچھڑ سے بچھڑنے کا سماں
دیکھنا مڑ کے وہ ہرگام سے پہلے پہلے

محمد فہیم کی شاعری کا زیادہ تر حصہ ہجر کے اشعار پر مشتمل ہے اور انہوں نے ہجر کے مختلف پہلوؤں کو کمال فنی مہارت سے پیش کیا ہے وہیں محکات نگاری کے بے مثل شاعر ہیں۔ وہ الفاظ کا بہترین چناؤ کر کے ایسی لاجواب تصویریں بناتے ہیں کہ ان کا بنایا گیا ہر منظر زندہ اور جاندار ہوتا ہے۔

محمد فہیم کی شاعری کی یہ بنیادی خوبی ہے کہ وہ قاری کو بھی اپنے تجربات میں شامل کر لیتے ہیں یہ عمیق مشاہدے اور لاجواب اندازِ تخیل کی بدولت ممکن ہوا ہے محمد فہیم کی چہرے سے محکات نگاری کے یہ جاندار نمونے ملاحظہ کیجیے:

ہوا سے دوستی کر لی جہان والوں نے
چراغ خاک انہیں روشنی عطا کرتے
دن ترے بعد کسی طور تو کٹ جاتا ہے
دل اٹھاتا ہے مگر بارِ گراں شام کے بعد
ہر ایک شاخ ستم پر جہاں گلاب کھلیں
میں اب بھی ایسے چمن زار کا مسافر ہوں
پتھروں سے بچا کر رکھ مجھ کو
آئینہ ہوں چھپا کر رکھ مجھ کو
آرزو چاند ستاروں کی ہے
آسمانوں میں اڑا جاتا ہوں
وہ میرے پیچھے پڑی تھی بلاؤں کی صورت
میں دے کے صدقہ محبت کو ٹال آیا ہوں

محمد فہیم کی شاعری میں مکالمے اور خود کلامی کی بھی صورتیں نظر آتی ہیں وہ ان تیکنیکوں کو شعر میں برجستگی سے استعمال کرتے ہیں یہ شعر دیکھیے:

تو کیا تم اب مری تصویر بھی ہٹا دو گے
میں اس کی میز پہ رکھ کر سوال آیا ہوں

عشق میں درد بھی ہے ساتھ ہے رسوائی بھی
سوچ لینا کسی انجام سے پہلے پہلے
تمہارے حسن کی توصیف اور کیا کرتا
فریب حسن کو شعروں میں ڈھال آیا ہوں

محمد فہیم نے صنعت تکرار لفظی کو بھی ہنر مندی سے عمیق مشاہدے کی مدد سے برتا ہے اور کمال کر دیا ہے

تیری نسبت سے ہی برباد ہوا جو بھی ہوا
کیا ہوا میں نہ ہوا میرا مقدر تو ہوا
ہجر میں آپ کے، اینا میرے چھم چھم برسے
تشنہ آنکھوں کے مقدر میں سمندر تو ہوا
ہے زخم زخم جگر آنکھ نام نہیں مری
زمانے تو کیا میر اضطراب آزمائے گا

محمد فہیم کو صنعتوں کے برتنے میں خاص دلچسپی بھی ہے اور وہ بڑی مہارت سے ان کا استعمال کرنا بھی جانتے ہیں ان کی شاعری سے صنعت لف ونشر اور صنعت مراعاۃ النظیر کی یہ شعری مثالیں دیکھیں اور ان کا لطف اٹھائیں

ہوا سے دوستی کر لی جہان والوں نے
چراغ خاک انہیں روشنی عطا کرتے
یوں ہی اٹھتا نہیں سینے سے دھواں شام کے بعد
روز جلتا ہے مرے دل کا مکاں شام کے بعد
گراؤ مت میرے اجڑے غریب خانے کو
کہ میں انہی در و دیوار کا مسافر ہوں
میں اب بھی ایسے چمن زار کا مسافر ہوں
ہر ایک شاخ ستم پر جہاں گلاب کھلیں
میں بھی ایسے چمن زار کا مسافر ہوں

آرزوؤں کا دیا جب بھی جلایا میں نے
بجھ گیا تیرے در و بام سے پہلے پہلے

محمد فہیم کی شاعری کا مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ یہ جذبات اور احساسات کا خوبصورت اور بے مثال شاعرانہ بے مثال اور دلفریب شاعری سے اردو شاعری کی اس دنیا میں ہمیشہ جگمگا تا رہے گا۔

صحافتی زندگی میں سچائی

تحریر: مس صائمہ رشید ایڈووکیٹ

قارئین کرام! علاقائی صحافیوں کی خدمات کو ملکی سطح پر بہت کم سراہا جاتا ہے، لیکن محمد مظہر رشید چودھری ان نمایاں صحافیوں میں شامل ہیں جنہوں نے اپنی محنت، دیانت داری اور بے لوث خدمات سے ایک منفرد پہچان بنائی۔ آج آپ کی صلاحیتوں اور خدمات کے اعتراف میں یہ الفاظ قلم بند کیے جارہے ہیں، تاکہ آپ کی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کیا جاسکے۔ محمد مظہر رشید چودھری استاد، صحافی، کالم نگار اور تجزیہ کار ہیں، آپ نے اپنی صحافتی زندگی میں سچائی، غیر جانبداری اور پیشہ ورانہ دیانت داری کو ہمیشہ مقدم رکھا۔ آپ نے مختلف اخبارات، الیکٹرانک اور ڈیجیٹل میڈیا پر اپنی تحریروں اور تجزیوں سے عوامی مسائل اجاگر کیے اور صحافت کو ایک مثبت سمت میں آگے بڑھانے میں اہم کردار ادا کیا۔ آپ نے اپنی ابتدائی تعلیم والد محترم کی ریلوے میں ملازمت کی وجہ سے پاکستان کے مختلف شہروں کے سکولوں میں مکمل کی۔ والد محترم کے اچانک انتقال کے بعد، آپ نے 1985 سے 1989 تک ایف جی پبلک ہائی سکول اوکاڑہ کینٹ میں تعلیم حاصل کی اور میٹرک سائنس نمایاں نمبروں سے کیا۔ ایف ایس سی میں ریاضی، شماریات، اور اکنامکس کے مضامین کے ساتھ تعلیمی سفر جاری رکھا۔ بعد ازاں گریجوایشن میں جرنلزم کا مضمون اختیار کیا اور نمایاں کامیابی حاصل کی۔ مزید تعلیمی پیش رفت کرتے ہوئے انہوں نے ایم اے پاکستان اسٹڈیز میں مکمل کیا۔ آپکی ابتدائی زندگی محنت اور مسلسل سیکھنے سے عبارت رہی۔ آپ کی والدہ محترمہ نے تعلیم کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے انہیں خود اعتمادی، ایمانداری اور محنت کی عادت ڈالی۔ وہ ہمیشہ آپ کے لیے ایک مثالی شخصیت رہیں اور ہر گھڑی آپ کی رہنمائی کی۔ آپ کی والدہ محترمہ کے ساتھ ساتھ دو بڑی بہنوں اور ایک چھوٹی بہن کی بے لوث محبت اور حوصلہ افزائی نے بھی آپ کی زندگی میں اہم کردار ادا کیا۔ دو بڑی بہنوں نے ہمیشہ آپکا ساتھ دیا، مشورے دیے اور ہر موقع پر آپ کی کامیابی کے لیے دعائیں کیں۔ ان کی شفقت، رہنمائی اور والدہ محترمہ کا سایہ ہمیشہ آپکا مضبوط سہارا بنے۔ آپ کا کہنا ہے کہ میری چھوٹی بہن نہ صرف میرے لیے، بہن بلکہ ایک بہترین دوست اور سب سے بڑی حوصلہ افزائی کا ذریعہ بھی ہے۔ چھوٹی بہن نے ہمیشہ ہر موقع پر آپ کا حوصلہ بڑھایا، ہر خوشی اور کامیابی میں شریک ہو کر آپ کے عزم کو مزید مضبوط کیا۔ چھوٹی بہن کی محبت اور سپورٹ نے محمد مظہر رشید چودھری کی شخصیت میں اعتماد اور استقلال کو مزید پروان چڑھایا۔ چھوٹی بہن کی بے لوث محبت اور ہر قدم پر آپکے ساتھ کھڑے رہنے کی عادت نے انہیں پیشہ ورانہ زندگی میں ایک مضبوط انسان بنایا۔ ان کے لیے بہن کا ساتھ ہمیشہ ایک ایسا جذباتی سہارا رہا، جو انہیں ہر آزمائش میں ثابت قدم رہنے کی طاقت دیتا ہے۔ سکول کے زمانے میں، آپ





SHOWBIZ

قوت

معروف لوک فنکار فضل جٹ کی بار سلونا میں یادگار پرفارمنس

فضل جٹ اجکل یورپ کے ثقافتی دورے پر ہیں معراج پروڈکشنز نے مختلف ممالک میں شوز ارینج کئے



فضل جٹ کے ساتھ دیگر فنکاروں میں حسن جہانگیر حمیرا ارشد اور دیگر شامل ہیں بیرون ملک پاکستان کا نام روشن کر کے فخر محسوس ہوتا

لاہور (میاں انجم شہزاد) پرائیڈ آف پرفارمنس لوک گلوکار فضل جٹ کی بار سلونا میں یادگار پرفارمنس نے شائقین کی آنکھیں نم کر دیں یاد رہے کہ فضل جٹ ان دنوں یورپ کے ثقافتی دورے پر ہیں. انہیں معراج پروڈکشنز نے مختلف ممالک میں ہونے والے میوزک شوز میں پرفارم کرنے کیلیے کاسٹ کیا تھا. انکے ہمراہ گلوکار حسن جہانگیر, حمیرا ارشد اور دیگر فنکار بھی موجود ہیں. فضل جٹ نے پہلا شو تر کی میں کیا. اس کے بعد 3 اپریل کو ڈنمارک اپنے فن کا مظاہرہ کیا. فضل جٹ نے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوء? بتایا کہ سپین کے سفارتخانے کی سرپرستی میں ہونے والے شو کے پروموٹر ملک ارشد اور سلطان اے خان ہیں. گزشتہ روز بارسلونا میں ہونے والے شو میں جب نے میں "بیٹی دی ڈولی" گائی تو پورا ہال رو پڑا. خاص طور پر شوز میں خواتین کی بڑی تعداد تعداد شرکت کر رہی ہے. بارسلونا میں شو ختم ہونیکے بعد مجھے پروموٹرز اور دیار غیر میں رہنے والے دیگر شہریوں کی طرف سے خوب پزیرائی ملی. انہوں نے بتایا کہ 11 اور 12 اپریل کو بیلجیم اور فرانس میں شوز ہونگے.



کیا آپ کو یاد ھے کہ وہ بہار کو منسوخ نہیں کر سکتے - ڈیوڈ ہاکنی "25 نمائش میں شرکت کر رھے ھیں۔

عینا آصف بھی 'ڈیپ فیک' ویڈیو کا شکار



لاہور: (شوبز رپوٹر) مصنوعی ذہانت نے جہاں لوگوں کے لیے آسانیاں پیدا کی ہیں وہیں یہ کئی افراد کے لیے مشکلات اور اذیت کا سبب بھی بن رہی ہے۔ پاکستان میں انٹرنیٹ خواندگی کی کمی کی وجہ سے بیشتر لوگ اصل اور جعلی ویڈیوز میں فرق نہیں کر پاتے جس کا فائدہ اٹھاتے ہوئے جعلی ویڈیوز بنانے کا رجحان تیزی سے بڑھ رہا ہے۔ حالیہ دنوں میں کئی مشہور شخصیات کو مصنوعی ذہانت سے بنائی گئی جعلی ویڈیوز کے ذریعے نشانہ بنایا گیا ہے اور اب اس کی زد میں کم عمر اداکارہ عینا آصف بھی آگئی ہیں، سوشل میڈیا پر ان کی ایک ویڈیو وائرل ہو رہی ہے جس میں انہیں سگریٹ پیتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ یہ ویڈیو سامنے آتے ہی صارفین کے درمیان بحث چھڑ گئی، کئی افراد نے اس ویڈیو کو حقیقی سمجھ کر اداکارہ پر تنقید کی جبکہ کچھ صارفین نے اسے جعلی اور ایڈٹ شدہ قرار دیا۔ یہ واقعہ اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ مصنوعی ذہانت کے غلط استعمال سے نہ صرف مشہور شخصیات بلکہ عام لوگ بھی متاثر ہو سکتے ہیں، انٹرنیٹ صارفین کو چاہیے کہ وہ کسی بھی وائرل ویڈیو کو شیئر یا اس پر تبصرہ کرنے سے پہلے اس کی حقیقت کو جانچ لیں تا کہ غلط معلومات کے پھیلاؤ کو روکا جا سکے۔

فلم حنا میں لیلی زبیری کو ہیروئن کے کردار کی پیشکش ہوئی تھی

میں نے راج کپور کی اس پیشکش کو شکریہ کے ساتھ مسترد کر دیا تھا، لیلی زبیری



لاہور (شوبز رپوٹر) بھارتی فلم "حنا" میں ہیروئن کے کردار کے لیے جن پاکستانی اداکاراوں کو پیشکش ہوئی تھی ان میں ڈراما آرٹسٹس شہناز شیخ اور مرینہ خان کے ساتھ ساتھ لیلی زبیری بھی شامل ہیں۔ اس بات کا انکشاف لیلی زبیری نے ایک پوڈ کاسٹ میں گفتگو کے دوران کیا تھا۔ انھوں نے بتایا کہ راج کپور نے خود انھیں اس کردار کی پیشکش کی تھی۔ راج کپور کے ساتھ ملاقات کا احوال بتاتے ہوئے لیلی زبیری نے کہا کہ 1986 میں شارجہ کرکٹ کپ کے دوران راج کپور سے ملاقات ہوئی تھی۔ لیلی زبیری نے بتایا کہ راج کپور پاکستانی اداکاروں کی صلاحیتوں سے کافی متاثر نظر آ رہے تھے۔ اداکارہ نے بتایا کہ یہ وہ وقت تھا جب پاکستانی ڈراموں کو پونا اکیڈمی میں اداکاری سکھانے کے لیے دکھایا جاتا تھا۔ لیلی زبیری نے کہا کہ اسی ملاقات میں راج کپور نے فلم حنا میں کام کی پیشکش کی تھی جو کہ اس سے قبل شہناز شیخ اور مرینہ خان کو بھی کی گئی تھی۔ لیلی زبیری نے کہا کہ میں نے راج کپور کی اس پیشکش کو شکریہ کے ساتھ مسترد کر دیا تھا۔ اداکارہ لیلی زبیری کا کہنا تھا کہ میرے شوہر پاک فوج کے افسر تھے اور مجھے یہ مناسب نہ لگا کہ میں بھارت جا کر کام کروں۔ خیال رہے کہ فلم حنا میں ہیروئن کا کردار بعد ازاں پاکستانی اداکارہ زیبا بختیار نے ادا کیا تھا اور یہ فلم بلاک بسٹر ثابت ہوئی تھی۔

سلینا گومز، انکے منگیتر نے جسٹن بیبر کی طنزیہ پوسٹ کا کرارا جواب دیدیا



نیویارک (شوبز ڈیسک) امریکی گلوکارہ سلینا گومز اور ان کے منگیتر بینی بلانکو نے گلوکارہ کے سابق بوائے فرینڈ جسٹن بیبر کی طنزیہ پوسٹ کا جواب دیدیا۔ جسٹن بیبر جو کہ کافی عرصے تک سلینا گومز کے ساتھ تعلق میں رہے انھوں نے سلینا کی منگنی ٹوٹنے کی افواہ پر ایک طنزیہ پوسٹ شیئر کی تھی، سوشل میڈیا پر یہ مبہم سی پوسٹ وائرل ہونے کے بعد مداحوں اور میڈیا کا خیال تھا کہ انھوں نے سلینا کیلیے یہ پوسٹ شیئر کی ہے۔ 32 سالہ گلوکارہ نے اپنے انسٹاگرام اکاونٹ پر اپنے پیارے لمحات کی کچھ تصاویر شیئر کیں، جس میں وہ اور ان کے منگیتر بھی شامل ہیں جس سے ان دونوں کے درمیان رومانوی تعلق کی تصدیق ہوتی ہے۔ پوسٹ میں، سلینا گومز نے منگیتر بلانکو کے ساتھ تصویروں کا ایک سلسلہ پوسٹ کیا، جس میں سے ساحل سمندر کی ایک تصویر میں "Benny+Sel" لکھا ہوا ہے، سفید لباس میں ان کی شاندار عکس والی سیلفی بھی پوسٹ میں شامل ہے۔ خیال رہے کہ گزشتہ سال معروف امریکی گلوکارہ و اداکارہ سلینا گومز نے اپنے بوائے فرینڈ کے ساتھ منگنی کا اعلان کیا تھا،



جسم میں پانی کی کمی کی علامات

اقصیٰ ناز ایڈووکیٹ

پانی زندگی کے لیے بہت ضروری ہے اور اس کی کمی پورے جسم پر مضر اثرات مرتب کرتی ہے اور جسم میں پانی کی کمی کے لیے بہت زیادہ دوڑنے کی بھی ضرورت نہیں، کافی دیر تک پانی نہ پینا ہی جسم میں اس کی کمی کا باعث بن جاتا ہے۔ بالخصوص موسم گرما کے دوران تو ڈی ہائیڈریشن کا امکان بہت زیادہ ہوتا ہے کیونکہ پسینے کی شکل میں پانی کا بہت زیادہ اخراج ہوتا ہے۔ اچھی بات تو یہ ہے کہ اس سے بچنا بھی بہت آسان ہے بس پانی ہی تو پینا ہے، تاہم اس کا خیال نہ رکھنا مختلف پیچیدگیوں کا باعث بھی بنتا ہے۔ طبی سائنس کے مطابق معمولی کمی یعنی جسم میں پانی کی مقدار کا ایک سے 2 فیصد حصہ کم ہونا بھی روزمرہ کے افعال کو سرانجام دینے کی صلاحیت بری طرح متاثر کر سکتا ہے۔ بدقسمتی سے ڈی ہائیڈریشن کے ابتدائی مراحل کو شناخت کرنا اتنا آسان نہیں ہوتا، کیونکہ اس کی سب سے عام علامات ایسی ہیں جو دیگر متعدد وجوہات کا نتیجہ بھی ہو سکتی ہیں۔ تاہم گرم موسم میں درج ذیل نشانیاں نظر آئیں تو بہتر ہے کہ ایک یا 2 گلاس پانی پی لیں تا کہ جسم میں پانی کی کمی کا مسئلہ تو نہ ہو۔

سانس میں بو یا منہ خشک ہونا

ویسے ضروری نہیں کہ سانس میں بو پانی کی کمی کا نتیجہ ہی ہو، مگر یہ اس کی اہم نشانیوں سے میں اور ممکنہ علامت ہے، ویسے تو یہ بھی مختلف طبی مسائل کے باعث بھی ہو سکتا ہے، تاہم اگر منہ اکثر خشک یا چپچپا محسوس ہو، یا ہر وقت پیاس کا احساس ہو تو بہتر ہے کہ ڈاکٹر سے چیک کرالیں۔

مسلز کی تکلیف یا ان کا اکڑنا

طبی ماہرین کے مطابق جسمانی سرگرمی کے دوران اگر مسلز اکڑ جائے تو یہ ڈی ہائیڈریشن اور الیکٹرولائٹ کی کمی کا نتیجہ ہو سکتا ہے، کیونکہ جسم اہم منرلز جیسے سوڈیم اور پوٹاشیم کی کمی کا شکار ہو جاتا ہے۔ یہ منرلز جسم میں پانی کی سطح کا توازن بحال رکھنے میں مدد فراہم کرتے ہیں اور اعصابی نظام کے افعال کو بھی کنٹرول کرتے ہیں۔ پانی کی کمی سے مسلز میں تکلیف یا اکڑنے کا مسئلہ صرف سخت جسمانی سرگرمیوں کے عادی افراد کو نہیں ہوتا، بلکہ چہل قدمی کے دوران ہی مسلز میں تکلیف یا کھچاؤ کا احساس ہو تو یہ بھی پانی کم پینے کی نشانی ہو سکتی ہے۔

سردرد

جی ہاں سردرد واقعی معمولی سے معتدل ڈی ہائیڈریشن کی عام علامت ہے، جس کی شدت قابل برداشت یا بہت زیادہ بھی ہو سکتی ہے۔ ڈی ہائیڈریشن سے آدھے سر کے درد کا مسئلہ بھی زیادہ متحرک ہو جاتا ہے، جس کی وجہ ابھی تک مکمل طور پر سامنے نہیں آ سکی۔ تاہم محققین کے مطابق ڈی ہائیڈریشن سے عارضی طور پر دماغی ٹشوز سکڑ جاتے ہیں اور اس کا نتیجہ سردرد کی شکل میں نکلتا ہے۔

پیشاب کی رنگت میں تبدیلی

یہ ڈی ہائیڈریشن کو پکڑنے کا آسان ترین ذریعہ بھی سمجھا جا سکتا ہے، بس پیشاب کی رنگت کو دیکھیں اگر وہ گہرے زرد رنگ کا ہے تو یہ جسم کا اشارہ ہے کہ ایک یا 2 گلاس پانی پی لیں۔ جتنا زیادہ پانی پینا عادت بنائیں گے پیشاب کی رنگت اتنی زیادہ شفاف ہوگی، ہلکا پیلا رنگ ہائیڈریشن کا اشارہ دیتا ہے۔

سر چکرانا، متلی

اگر اچانک سر چکرانے لگے یا متلی کا احساس ہو تو ہو سکتا ہے کہ یہ کسی بیماری کا نتیجہ ہو، مگر یہ پانی کی کمی کا باعث بھی ہو سکتا ہے۔ موسم گرما میں فلو جیسی یہ علامات ڈی ہائیڈریشن کا نتیجہ بھی ہو سکتی ہیں، جس میں لوگوں کو بخار یا ٹھنڈ لگنے کا احساس بھی ہو سکتا ہے، جو پانی کی بہت زیادہ کمی کا باعث ہوتا ہے۔

بھوک لگنا

پیاس اور تھکاوٹ ایک دوسرے سے منسلک ہوتے ہیں، کیونکہ ان کو دماغ کا ہی ایک حصہ کنٹرول کرتا ہے جو جسمانی درجہ حرارت کا بھی خیال رکھتا ہے۔ اگر کھانے کے کچھ دیر بعد ہی دوبارہ بھوک لگنے لگے تو ہو سکتا ہے کہ یہ اصل میں بھوک نہیں پیاس ہو۔ اس اچانک بھوک کے ساتھ اوپر درج نشانیوں میں سے کچھ بھی موجود ہوں تو یہ ڈی ہائیڈریشن کا ہی نتیجہ ہے، مگر لوگ اکثر اس کو سمجھنے میں ناکام رہتے ہیں۔

تھکاوٹ

جسم میں پانی کی مناسب مقدار دن بھر توانائی کی سطح کو مستحکم رکھنے کا اہم ترین ذریعہ ہے۔ ہائیڈریشن سے جسم کو خلیات تک اہم اجزا پہنچانے میں مدد ملتی ہے اور اعضا اپنے افعال جاری رکھتے ہیں، مگر پانی کے کمی سے یہ افعال تھکاوٹ کا شکار کر دیتے ہیں۔ اور ہاں پانی نیند کے معیار پر براہ راست اثر انداز ہونے والا عنصر ہے، جس کی کمی سے نیند پر بھی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ تاہم بہت زیادہ پانی پینا بھی نقصان دہ ہے کیونکہ رات کو کئی بار پیشاب کرنے کے لیے اٹھنا پڑتا ہے جس سے بھی تھکاوٹ کا امکان ہوتا ہے، تو توازن کو برقرار رکھنا ہی اہم ہدف ہونا چاہیے۔



ہر برس 22 مارچ کو دنیا بھر میں پانی کا عالمی دن منایا جاتا ہے۔ سن 2021 کے واٹر ڈے کا تھیم ہے "پانی کی قدر کریں" تا کہ عام لوگوں میں شعور بیدار کیا جا سکے کہ صاف پانی کو بے دریغ استعمال کرنے سے گریز کریں۔ پاکستان کا شمار جنوبی ایشیاء کے ان ممالک میں ہوتا ہے جن کی معیشت کا بڑا انحصار زراعت پر ہے، اس سے پاکستان کو قریب 18.9 فیصد جی ڈی پی حاصل ہوتا ہے۔ ملک کی کل آبادی کا 68 فیصد دیہات میں آباد ہے جن کا ذریعہ روزگار، کھیتی باڑی، تجارت یا گلہ بانی ہے جو کسی نہ کسی طور زراعت کا حصہ ہیں۔ مگر بڑھتی ہوئی گلوبل وارمنگ اور موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے پاکستان میں زراعت سے منسلک افراد کو بڑے مسائل اور چیلنجز کا سامنا ہے جس میں صف اول پانی کی ذخائر کی کمی ہے۔ 2017ء میں پاکستان کونسل آف ریسرچ ان واٹر ریسورسز کی جانب سے ایک انتباہ جاری کیا گیا تھا کہ اگر پانی کے ضیاع کو روکا نہیں گیا تو 2025 تک ملک میں پانی کی شدید قلت ہو سکتی ہے۔ فی الوقت ملک کے 80 فیصد علاقوں کو پینے کا جو پانی دستیاب ہے وہ مضر صحت ہے اور متعدد وبائی امراض کا سبب بن رہا ہے۔ بارشوں اور برف باری کی کمی کی وجہ سے پاکستان کے دریاؤں میں پانی کی سطح بہت کم ہو گئی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ قیام پاکستان کے وقت ملک میں تقریباً 5 ہزار کیوبک میٹر پانی کے ذخائر تھے جو اب گھٹ کر محض ایک ہزار کیوبک میٹر رہ گئے ہیں۔ اس کمی کی بڑی وجہ ملک کی آبادی میں تیزی سے اضافہ اور ضروریاتِ زندگی کے لئے صاف پانی کا بے دریغ استعمال ہے جبکہ حکومتوں کی جانب سے بھی پانی کے ذخائر کی حفاظت اور فراہمی کے نظام میں بڑے نقائص ہیں۔ ملک کے بیشتر علاقوں میں گنا اور کپاس کاشت کی جاتی ہے جو بہت زیادہ پانی استعمال کرنے والی فصلیں ہیں۔ زمینداروں اور کسانوں کی اس طرف توجہ نہیں دلائی گئی کہ وہ ایسی فصلیں کاشت کریں جن میں پانی کی کھپت کم ہو۔ پاکستان کا شمار ان ممالک میں ہوتا ہے جہاں درخت لگانے کی شرح انتہائی کم ہے جبکہ چاروں صوبوں میں جنگلات کی بے دریغ کٹائی سے اپنے صدیوں پرانے ایکولوجیکل سسٹم میں بگاڑ خود پیدا کیا ہے۔ اس میں ساحلی علاقوں میں مینگروز کی کٹائی سے سب سے زیادہ نقصان ہوا ہے۔ جس کے اثرات کبھی بارشوں کی قلت اور کبھی طوفانوں کی صورت میں ہمارے سامنے ہیں۔ صرف مخصوص علاقوں میں سونامی ٹری مہم کے بجائے اگر دیگر علاقوں میں بھی تھوڑے تھوڑے درخت اگائے جائیں تو زیادہ بہتر نتائج سامنے آئیں گے۔ 2010ء میں جنوبی افریقہ کے شہر کیپ ٹاؤن کی انتظامیہ نے "ڈے زیرو" کے نام سے ایک مہم کا آغاز کیا کیونکہ شہر میں پانی کی شدید قلت ہو چکی تھی اور ماہرین نے وارننگ جاری کی تھی کہ صرف تین ماہ میں شہر سے پانی ناپید ہو جائے گا۔ اس کڑی صورتحال سے نمٹنے کے لئے انتظامیہ نے عوام میں شعور اجاگر کرنے کی مہم کا آغاز کیا کہ روزمرہ استعمال ہونے والے پانی کی کھپت کو اگر ہر گھرانہ آدھا کردے تو صورتحال پر قابو پایا جا سکتا ہے



روزنامہ قوت لاہور

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

بابا رانا نصیر حیدری کی غلام شبیر کی رہائش گاہ پر آمد

اشفاق احمد کے ساتھ (ڈنگیاں گلاں) موضوع پر پوڈ کاسٹ کیا اور دوستوں سے گفتگو

سمندری (کھیل رپورٹر) سوشل میڈیا کے مشہور ومعروف بابا رانا نصیر حیدری (جوزادا) کی تحصیل سمندری میں اشفاق احمد (آف بوکے) اور غلام شبیر مشتاق کی رہائش گاہ پر (2) میں آمد ہوئی، اس دوران بابا نصیر نے اشفاق احمد کے ساتھ (ڈنگیاں گلاں) کا پیک پر پوڈ کاسٹ کی اور دوستوں کے ہمراہ خوشگوار موڈ میں خٹک ہوئی، بابا رانا نصیر کے ہمراہ اراکے شیخ نواب اور راے نعمیل رشید پوہال، غلام شبیر مشتاق اور رانا وسیم اکرم پیپر بوائز کراچ کنٹرول پاکستان یوتھ راشن، میاں وسیم اختیار (انچارج سمندری 365 نیوز) میاں شہباز رضا (ایڈیٹر سمندری 365 نیوز) بیرزادہ عبید (پیر زادہ



پرنٹنگ والے) سید نواز شاہ (کوٹ شریف والے) اور اشتیاق احمد نے وٹنم کیا اور بہترین اشتعال کیا پھلوں کی پیٹاں پھنماور کی گئیں اور پھولوں کے گلدستے پیش کرتے ہوئے پھولوں کے ہار پہنائے گئے، اس دوران بابا جی نے بہترین استقبال کرنے پر اشفاق احمد (آف بوکے) پوڈ کاسٹ سمیت دوستوں کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔

مشترکہ اقدامات سے شہر وپنجاب کو کامیابی سے ہمکنار کرنا ہے: ڈپٹی کمشنر چنیوٹ

انہوں نے گلی محلوں ودیگر مقامات پر صفائی اپریشن کا تفصیلی جائزہ لیا



چنیوٹ (ڈسٹرک رپورٹر) ڈپٹی کمشنر چنیوٹ کے حکم پر چنیوٹ کے شہری علاقوں کے ساتھ دیہی علاقوں میں بھی ڈپٹی کمشنر چنیوٹ مبلغ اظہر نیازی کی زیر نگرانی صفائی مہم کا دوسرا روز بھی جاری رہا، ڈپٹی کمشنر چنیوٹ مبلغ اظہر نیازی نے تحصیل چنیوٹ کے مختلف علاقوں ودیگر مقامات پر صفائی مہم کا تفصیلی جائزہ لیا انہوں نے ڈی ایل جی کو ہدایت کی کہ شہر صفائی کے حوالے سے ماڈل بنے، انہوں نے ٹاسک دیا کہ ہر وارڈ کا مکمل ڈیٹا تیار کیا جائے، ڈپٹی کمشنر چنیوٹ نے کہا کہ ہر مراسلہ پر ایک ٹیم تشکیل دی

روزنامہ ''قوت'' لاہور (7) جمعرات 10 اپریل 2025ء

''قوت'' کلاسیفائیڈ

روزنامہ قوت

تمام اشتہارات نیک جذبے کے جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے کسی قسم کے مطلب نکلنے پر ایک صفحہ کھلے ہوئے چاہئیں کھلے پہلے اور مکتوب الغاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

تجربہ 1

ان رشتہ داروں میں دوست احباب اور محلہ داروں میں شامل ہیں وہ بھی ہمارے غم میں برابر کے شریک ہیں ہم سب کی دعاؤں کے طلبگار ہیں۔ ہم سب کی دعاؤں کے طلبگار ہیں۔ ہم سب کی دعاؤں کے طلبگار ہیں۔

روزنامہ ”قوت“ لاہور (8) جمعرات 10 اپریل 2025ء

غزہ میں جو ایک ختم انسانی تاریخ کا سب سے بڑا المیہ جنم لے چکا ہے ضیاالدین انصاری

اقوام متحدہ اور اسلامی ممالک فلسطین میں مسلمانوں کی نسل کشی پر مجرمانہ کردار ادا کر رہے ہیں، تاریخی غزہ مارچ پوری دنیا کو پیغام دیگا کہ فلسطینی تنہا نہیں پاکستانی قوم ان کے کیساتھ کھڑی ہے

11 اپریل کو اہل لاہور مال روڈ پر فلسطین کیساتھ یکجہتی غزہ مارچ میں شرکت کرکے تاریخ رقم کریں گے، امیر جماعت اسلامی لاہور کی تاجروں کو غزہ مارچ میں شرکت کی دعوت اور کنونشن

لاہور (خبرنگار) جماعت اسلامی لاہور کے امیر ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ 11 اپریل کو یکجہتی غزہ مارچ کو تاریخی بنانے کیلئے متحرک۔ امیر جماعت اسلامی لاہور کی تاجران کبری منڈی اور شاہ عالم مارکیٹ کے تاجر رہنما تاجروں سے ملاقاتیں کیں۔ صدر اکبر منڈی لاہور طاہر اقبال، رکن مجلس عاملہ، آصف عارف نے یکجہتی غزہ مارچ کی حمایت کا اعلان کیا۔ اکبری منڈی، شاہ عالم مارکیٹ کے تاجروں نے مارچ میں بھرپور شرکت کی یقین دہانی کرائی۔ امیر جماعت لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ اکبری منڈی اور شادمان کے تاجروں میں جماعت اسلامی غزہ کیساتھ یکجہتی کو اہل لاہور کی دلی آرزو قرار دیا۔ امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ اکبری منڈی کے دوکانداروں اور شہریوں کو بھی مارچ میں شرکت کی دعوت دے رہے ہیں



لاہور: امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاءالدین انصاری ایڈووکیٹ شاہ عالم مارکیٹ کے تاجروں کو غزہ مارچ میں شرکت کی دعوت دے رہے ہیں

فائر بندی ختم ہونے کے بعد غزہ میں 4 لاکھ افراد کی نقل مکانی

یہ تناسب غزہ کی پٹی میں ہر پانچ فلسطینیوں میں سے ایک کا بنتا ہے، اقوام متحدہ

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کے ترجمان اسٹیفن ڈوجارک نے کہا ہے کہ تین ہفتے قبل اسرائیل کے دوبارہ آغاز کے بعد سے غزہ کی پٹی کے اندر تقریباً 4 لاکھ افراد نقل مکانی کر چکے ہیں، یہ تناسب غزہ کی پٹی میں ہر پانچ فلسطینیوں میں سے ایک کا بنتا ہے۔ میڈیا بریفنگ کے دوران انہوں نے کہا کہ تین ہفتے قبل اسرائیل کے دوبارہ حملے شروع کرنے کے بعد سے غزہ کی پٹی کے اندر تقریباً 4 لاکھ افراد نقل مکانی کر چکے ہیں۔ ڈوجارک نے کہا کہ ان افراد کی اکثریت کو ایک سے زائد بار نقل مکانی کرنا پڑی ہے۔ یہ تناسب غزہ کی پٹی کی مجموعی آبادی کا تقریباً 20 فیصد بنتا ہے